57th Year



## رونالڈو آخری مرحلہ میں

پرتگال اور النصر کے عظیم فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے انکشاف کیا ہے کہ وہ جلد ہی فٹبال سے ریٹائرمنٹ لینے کی تیاری کر رہے ہیں۔ ۴۰ سالہ رونالڈو نے کہا کہ ان کا شاندار کیریئر اپنے آخری مرحلے میں ہے اور جب وہ اس کھیل کو الوداع کہیں گے تو وہ لمحہ انتہائی جذباتی ہوگا۔ رونالڈو نے پیئرس مورگن ان سینسرڈ کو دیے گئے۔ (تفصیلات اندر)

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد



## روک واپسی پر حیرت کا اظہار کیا

پالمیراس کے فارورڈ وکٹر روک نے اعتراف کیا کہ انہیں یہ سن کر حیرت ہوئی کہ انہیں سینیگل اور تیونس کے خلاف دوستانہ میچوں کے لیے برازیل کی ٹیم میں بلایا گیا ہے۔ ۲۰ سالہ نوجوان نے انکشاف کیا کہ وہ پالمیراس ٹیم کے ساتھی لوئیز بینیڈیٹی کے ساتھ ویڈیو گیمز کھیل رہا تھا جب اسے پیر کو یہ خبر ملی۔ روک نے ساؤ پاؤلو کلب کی آفیشل ویب سائٹ کو بتایا۔ (تفصیلات اندر)

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 302 | صفحات: 08 | ۶ نومبر ۲۰۲۵ بروز جمعرات بمطابق ۱۴ جمادی الاول ۱۴۴۷ | Thursday 06th November 2025 | جلد نمبر 57

## ’’آپریشن سندور‘‘ موقوف نہیں ہوا/ راج ناتھ سنگھ

### کسی بھی مہم جوئی کو فیصلہ کن جوابی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا



سرینگر/ نیوز ایجنسی کشمیر نیوز آبزرور کے مطابق بہار کے جموئی ضلع میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے سنگھ نے کہا، "دہشت گردانہ حملے کے بعد شروع کیا گیا آپریشن سندھ ختم نہیں ہوا بلکہ صرف روک دیا گیا ہے۔ اگر دہشت گردوں نے مزید حملے کرنے کی کوشش کی تو ہندوستان دوبارہ جوابی کارروائی کرے گا۔" وزیر دفاع نے کہا کہ کانگریس پارٹی کئی دہائیوں تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کرنے میں ناکام رہی اور انہیں ملک کا خون بہانے دیا۔ انہوں نے کہا، ’’وزیر اعظم مودی کے دور میں دہشت گردوں اور ان کے آقاؤں کو سبق سکھایا گیا ہے،‘‘ انہوں نے مزید کہا، ’’جموں وکشمیر میں جو کام کانگریس نہیں کرسکی، وہ پی/ 1

## کشتواڑ کے جنگلی علاقوں میں جھڑپ، پیرافوجی جوان زخمی

### آپریشن جاری ہے اور فورسز نے علاقے کو مکمل طور پر محاصرہ میں لے رکھا ہے

جموں/ یواین آئی/ فوج کی وائٹ نائٹ کور نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ 'ایکس) 'سابق ٹوئٹر) پر اپنے ایک بیان میں کہا: 'فوج اور جموں وکشمیر پولیس نے مشترکہ طور پر خفیہ اطلاع کی بنیاد پر چھاترو کے جنگلاتی علاقے میں سرچ آپریشن شروع کیا۔ دورانِ تلاشی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ آپریشن جاری ہے اور فورسز نے علاقے کو مکمل طور پر محاصرہ میں لے رکھا ہے۔' ذرائع کے مطابق، فائرنگ کے ابتدائی تبادلے میں ایک پیرا فوجی جوان زخمی ہوا جسے فوری طور پر ہیلی کاپٹر کے ذریعے آرمی اسپتال اودھم پور منتقل کیا گیا جہاں اُس کی حالت اب مستحکم بتائی جا رہی ہے۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ دہشت گردوں کی تعداد دو سے تین کے درمیان ہوسکتی ہے اور وہ گھنے جنگلات میں چھپے ہوئے ہیں۔ علاقے میں اضافی فوج، ایس او جی اور سی آر پی ایف کے دستے تعینات کر دیے گئے ہیں تاکہ کسی بھی ممکنہ فرار کو روکا جا سکے۔ ایک سینئر پولیس افسر نے کہا: 'یہ آپریشن مخصوص خفیہ اطلاع کی بنیاد پر شروع کیا گیا تھا۔ جیسے ہی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی شروع کی، دہشت گردوں نے فائرنگ کی جس کے جواب میں فورسز/ 2





## راج باغ اور فتح کدل میں آگ مکان اور دفاتر نذر آتش

### آگ بجھاتے بجھاتے فائرس سروس کا ایک فائر فائٹر زخمی ہوگیا



سرینگر/ یواین آئی/ سرینگر کے پرانے فتح کدل علاقے میں دوران شب آتشزدگی کے ایک ہولناک واقعے میں 2 رہائشی مکان خاکستر ہوگئے۔ ذرائع نے بتایا کہ پرانے فتح کدل علاقے میں منگل اور بدھ کی درمیانی شب آگ نمودار ہوئی جس کے شعلوں کو دور دور سے دیکھا جا سکتا تھا اور اس واقعے سے علاقے میں ہر سو خوف وہراس کو ماحول پھیل گیا۔ محکمہ فائر اینڈ ایمرجنسی کے ایک عہدیدار نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ آتشزدگی کے متعلق اطلاع موصول ہوتے ہی مختلف فائر اسٹیشنوں سے فائر ٹنڈرس کو جائے موقع پر روانہ کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آگ کو قابو میں کرلیا گیا تاہم اس واقعے میں 2 رہائشی مکانوں کو نقصان پہنچا جبکہ ایک فائر مین زخمی ہوگیا۔ زخمی فائر مین کی شناخت محمد رفیق کے طور پر ہوئی ہے۔ دریں اثناء راج باغ میں ’’ہیٹ ٹرک‘‘ کے بالکل پاس ایک عمارت کو آگ لگ گئی جس میں جموں وکشمیر بینک کی ایک شاخ کے علاوہ کئی دفاتر اور دُکانیں ہیں جل گئیں۔

## 6 سے 16 نومبر تک جموں وکشمیر میں خشک موسم کی توقع/ MeT

سرینگر/ بدھ کے روز اونچائی میں ہلکی سے درمیانی بارش اور برفباری دیکھنے کے بعد، موسمیاتی مرکز سری نگر نے 6 سے 16 نومبر کے درمیان جموں وکشمیر میں موسم خشک رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ تازہ ترین بلیٹن کے مطابق، 5 نومبر کو عام طور پر خشک رہا، حالانکہ الگ تھلگ مقامات پر ہلکی بارش کا ایک مختصر وقفہ ہوا۔ کل سے، خطے میں 16 نومبر تک مستحکم اور خشک حالات کا سامنا کرنے کا امکان ہے، جس سے رہائشیوں کے لیے انتہائی ضروری مہلت اور کسانوں کو اپنی زرعی سرگرمیاں جاری رکھنے کے لیے سازگار حالات ملیں گے۔ ایم ای ٹی سنٹر نے ایک ایڈوائزری بھی جاری کی ہے جس میں یونین ٹیریٹری کے کئی حصوں میں زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں کمی کی نشاندہی کی گئی ہے اور کسانوں پر زور دیا ہے کہ وہ خشک موسم کے دوران کھیت کے معمول کے کاموں کو جاری رکھیں۔

## جموں وکشمیر میں ناممکن کو ممکن میں تبدیل کیا گیا/ منوج سنہا

### وہ جگہیں جہاں کبھی ہنگامہ آرائی ہوتی تھی وہاں ترقی، تعلیم اور نئی امید کے آثار نظر آتے ہیں

سرینگر/ یواین آئی/ جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کا کہنا ہے کہ جموں وکشمیر میں امن اور ترقی کا موجودہ ماحول برسوں کی قربانیوں اور ہندوستان کے روحانی رہنماؤں کی سکھائی گئی ہمدردی اور بات چیت کی اقدار پر عمل کرنے سے ممکن ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار امن، باہمی احترام اور وقار کے ساتھ جینے کی صلاحیت سے پروان چڑھتا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے ان باتوں کا اظہار بدھ کو یہاں جھیل ڈل کے کناروں پر واقع شیر کشمیر انٹرنیشنل کنونیشن سینٹر (ایس کے آئی سی سی) میں 'جموں وکشمیر میں امن، عوام اور امکانات 'پر منعقدہ بین الاقوامی سمپوزیم سے خطاب کرنے کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا: ' جموں وکشمیر میں امن اور ترقی کا موجودہ ماحول برسوں کی قربانیوں اور ہندوستان کے روحانی رہنماؤں کی سکھائی گئی ہمدردی اور بات چیت کی اقدار پر عمل کرنے سے ممکن ہوا ہے'۔ ان کا کہنا تھا: 'پائیدار امن، باہمی احترام اور وقار کے ساتھ جینے کی صلاحیت سے پروان چڑھتا ہے'۔ منوج سنہا نے کہا: ' اس تقریب کا تھیم ایک خوشحال اور جامع جموں وکشمیر کی اجتماعی



خواہش کا آئینہ دار ہے، جہاں ہر آواز ہم آہنگی میں حصہ ڈالتی ہے '۔ انہوں نے کہا: ' امن کا تصور لفظوں میں نہیں بلکہ روزمرہ کی زندگی میں ظاہر ہوتا ہے جب شہری آزادی سے کام کر سکتے ہیں، مواقع حاصل کر سکتے ہیں اور بغیر کسی خوف کے زندگی گزار سکتے ہیں'۔ ان کا کہنا تھا: ' جموں وکشمیر کے عام لوگ اپنے عزم اور مشترکہ پیش رفت کے ذریعے اس استحکام کے حقیقی معمار ہیں'۔ جموں وکشمیر کو تبدیلی کی طرف لے جانے کا سہرا وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت کو دیتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ خطہ بدامنی سے تعمیر نو کی طرف بڑھ گیا ہے۔ انہوں نے کہا: ' گزشتہ چند سالوں میں، ناممکن کو ممکن میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ وہ جگہیں جہاں کبھی ہنگامہ آرائی/ 3

## یونین ٹریٹری میں لیفٹننٹ گورنر ہی سربراہ ہیں/ الطاف بخاری

### حکومت کا یہ کہنا کہ اسکے پاس اختیارات نہیں، شرم کی بات ہے



سرینگر/ جے کے این ایس/ سابق وزیر اور اپنی پارٹی کے صدر سید الطاف بخاری نے بدھ کے روز کہا کہ اگر کوئی حکومت کہے کہ اس کے پاس اختیارات نہیں ہیں تو یہ شرمناک ہے۔ اپنی پارٹی کے صدر الطاف بخاری نے بدھ کے روز کہا کہ ان کی پارٹی پہلی بار بڈگام میں الیکشن لڑ رہی ہے اور اسے عوام کی بھرپور حمایت کا یقین ہے۔ بڈگام میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے الطاف بخاری نے کہا کہ ہمارے کارکنان اس حلقے کے 120 میں سے 20 سے زائد دیہات کا احاطہ کر چکے ہیں اور اللہ کے فضل سے ہمیں اچھے رسپانس کی امید ہے۔ حریف پارٹیوں پر طنز کرتے ہوئے سید الطاف بخاری نے کہا کہ بی جے پی، این سی اور پی ڈی پی/ 5

## ڈرگ سمگلر کی نصف کروڑ روپے کی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد ضبط

### زمین مکان، موٹر سائیکل شامل، کیس درج

جموں/ یواین آئی/ ایک پولیس ترجمان نے بتایا کہ اودھم پور پولیس نے ایک اور منشیات فروش کی 50 لاکھ روپے مالیت کی جائیداد کو این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت ضبط کر دیا۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس اسٹیشن اودھم پور میں این ڈی پی ایس ایکٹ کے متعلقہ دفعات کے تحت ایف آئی آر نمبر 258/2025 کی تحقیقات کے دوران یہ بات سامنے آ گئی کہ ملزم امیت سنگھ ولد کلدیپ سنگھ ساکن سوتھن اودھم پور نے منشیات کے غیر قانونی کاروبار سے حاصل شدہ رقم سے پریان سوتھن گاؤں میں ایک رہائشی مکان بمع زمین زیر خسرہ نمبر 7 اور ایک ڈیوک کے ایم ٹی موٹر سائیکل زیر رجسٹریشن نمبر JK14K - 3278 خریدی تھی۔ ان کا کہنا ہے کہ تحقیقات کے دوران شواہد اور مواد کی بنیاد پر تفتیشی افسر کو یقین ہوا کہ مذکورہ جائیدادیں غیر قانونی کاروبار سے حاصل کی گئی ہیں جس کے بعد ان منقولہ وغیر منقولہ جائیدادوں کو این ڈی پی ایس ایکٹ کے دفعہ 68 (ایف) کے تحت ضبط کر لیا گیا تاکہ مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

## گورونانک دیو جی کا یوم پیدائش شان سے منایا گیا

### لیفٹیننٹ گورنر، وزیر اعلیٰ اور سابق وزرائے اعلیٰ نے سکھ برادری کو مبارکباد پیش کی

سرینگر/ ملک بھر کی طرح گرونانک دیو جی کا یوم پیدائش نہایت ہی جو اور جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر، وزیر اعلیٰ، ڈائریکٹر جنرل آف پولیس، آئی جی پی کشمیر، سابق وزرائے اعلیٰ، سیاسی پارٹی کے سربراہوں، مذہبی علماء اور دوسرے مکتبہ ہائی فکر کے لوگوں کو گرونانک کی یوم پیدائش کے دن کے موقعہ پر سکھ برادری کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں نیک خواہشات پیش کیں۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق سکھوں کے پہلے گرو گرونانک دیو جی کا 556 واں یوم پیدائش کا دن ملک بھر کی طرح جموں وکشمیر میں بالعموم اور وادی کشمیر میں بالخصوص مذہبی جوش اور جذبے کے ساتھ منایا گیا۔/ 4

## جموں وکشمیر ملک کا تاج ہے/ گورنر بہار عارف محمد خان

### جموں وکشمیر کے لوگوں کی مہمان نوازی کا کوئی متبادل نہیں ہے



سرینگر/ اے پی آئی/ جموں وکشمیر کی مہمان نوازی کو دنیا میں منفرد قرار دیتے ہوئے بہار کے گورنر نے الیکشن کو جمہوریت کا جشن قرار دیتے ہوئے کہا کہ تقسیم ہند کے بعد جموں وکشمیر کے لوگوں کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ الیکشن سے ہی حکمران منتخب ہوا کرتے ہیں اور جمہوریت کی یہ پہچان ہے کہ صدر ہند کے عہدے پر ایک عام خاتون پہنچی ہے جبکہ غریب خاندان کا چشم چراغ وزیر اعظم کے عہدے تک جا پہنچا۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق بہار کے گورنر عارف محمد خان جو ان دنوں جموں وکشمیر کے دورے پر ہیں نے ذرائع/ 6

## تیز رفتار موٹر سائیکل پر کرتب کا مظاہرہ کرنے والا گرفتار

### موٹر سائیکل بھی ضبط کرلی گئی، ویڈیو پر فلم دیکھنے کے بعد پولیس کی کارروائی

بارہمولہ/ جے کے این ایس/ بارہمولہ میں پولیس نے 24 گھنٹے کے اندر اسٹنٹ بائیکر یعنی موٹر سائیکل پر خطرناک کرتب بازی کرنے والے ایک نوجوان کو حراست میں لے لیا۔ جے کے این ایس کے مطابق ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں اور خطرناک سواری کے خلاف تیز اور سخت کارروائی کرتے ہوئے، بارہمولہ پولیس نے بدھ کے روز ایک ایسے شخص کو حراست میں لیا ہے جو سوشل میڈیا پر سامنے آنے والے اسٹنٹ بائیکنگ کے حالیہ واقعے میں ملوث ہے۔ معلوم ہوا کہ اس شخص کی شناخت شاہد اسد ڈار کے نام سے ہوئی ہے، پوتہار کریری کا رہائشی، گزشتہ روز سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی ویڈیو میں موٹر سائیکل پر خطرناک اسٹنٹ کرتے ہوئے دیکھا گیا تھا۔ اس کیخلاف موٹر وہیکل ایکٹ کی دفعہ 184 اور 207 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے اور جرم میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل ضبط کرلی گئی ہے۔ پولیس اسٹیشن گلمرگ نے یہ کارروائی ایس ڈی پی او ٹنگمرگ اور ایس ایچ او پی ایس گلمرگ کی نگرانی میں بارہمولہ پولیس کی سڑک کی حفاظت اور ٹریفک قوانین کی سختی سے نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے جاری مہم کے ایک حصے کے طور پر کی ہے۔

## AC-27 بڈگام ضمنی انتخابات کیلئے پوسٹل بیلٹ ووٹنگ شروع

### ہوم ووٹنگ AC-27 بڈگام میں بزرگوں، PwD الیکٹرز کے لیے شروع ہورہی ہے





بڈگام/ پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کا عمل BDO آفس بڈگام میں AC-27 بڈگام کے لیے شروع ہوا، جس سے یہ یقینی بنانے کے لیے ایک اہم قدم ہے کہ تمام اہل ووٹرز، خاص طور پر ضروری خدمات کے ملازمین جو AC-27 بڈگام کے انتخابات کے دن پولنگ اسٹیشنوں پر حاضر نہیں ہو سکتے، کو اپنے جمہوری حقوق کا استعمال کرنے کا موقع ملے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر (DEO) بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بھٹ نے تمام اہل ووٹروں کے لیے آزادانہ اور منصفانہ ووٹنگ کے عمل کو یقینی بنانے کے عزم پر زور دیا۔ ڈی ای او نے کہا، بی ڈی او آفس بڈگام میں پوسٹل ووٹنگ بیلٹ کی سہولت/ 7

## وادی کشمیر کو لداخ نے ملانے والی لیہہ قومی شاہراہ بند

### سونہ مرگ، زوجیلا اور گگن گیر میں منگل کی شام سے وقفے وقفے سے برفباری

سرینگر/ وادی کشمیر کو لداخ یوٹی سے ملانے والی 434 کلومیٹر طویل سری نگر لیہہ قومی شاہراہ کو تازہ برفباری کے بعد بند کردیا گیا ہے۔ جے کے این ایس کو ملی تفصیلات کے مطابق گاندربل کے سونہ مرگ، زوجیلا اور گگن گیر میں منگل کی شام سے وقفے وقفے سے برفباری کا سلسلہ جاری ہے، جس کی وجہ سے سونہ مرگ سڑک پر پھسلن پیدا ہونے سے چھوٹی گاڑیوں کی آمد و رفت بھی متاثر ہوئی ہے۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ سری نگر لیہہ قومی شاہراہ پر منگل کی رات سے ہی برف باری کا سلسلہ جاری ہے اور سڑک پر پھسلن کی وجہ سے خاص طور پر زوجیلا کے پاس، شیطانی نالہ پر گاڑیوں کی آمد و رفت معطل کردی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ متعدد گاڑیاں، جو اپنی اپنی منزلوں پر روانہ تھیں، سری نگر لیہہ قومی شاہراہ کے دونوں اطراف میں درماندہ/ 9

## تقریباً 50 فیصد سرکاری سکولوں میں نہ کمپوٹر لیب نہ انٹرنیٹ اور نہ دیگر سہولیات

### منصوبے پالسیاں حکمت عملی اپنانے کا بار بار اعلان کیا جاتا ہے تو پھر ناکامی کیوں/ عوام کی پکار

سرینگر/ اے پی آئی/ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق پچاس فیصد سرکاری اسکول انٹرنیٹ اور کمپوٹر لیب سے اب بھی محروم اور دعویٰ کیا جارہا ہے کہ تعلیم کے معیار کو اونچائیوں پر لے جانے کیلئے نئی تعلیمی پالسی کو اپنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ ہماچل پردیش اور جموں وکشمیر کے بعد ایسی دوسری ریاست ہے جسے پسماندہ کہا جاتا ہے تاہم سرکاری اسکولوں میں زیر تعلیم طلاب کو دو فیصد انٹرنیٹ کمپوٹر لیب دستیاب ہونے کے ساتھ ساتھ بنیادی سہولیات کی کوئی کمی نہیں۔ اے پی آئی نیوز ڈیسک کے مطابق پچھلے پانچ برسوں کے دوران جموں وکشمیر انتظامیہ نے 72 بار اس بات کا انکشاف کیا کہ سرکاری اسکولوں میں تعلیم کے معیار کو اونچائیوں پر لے جانے کے لئے سرکار اور محکمہ تعلیم انتہائی سنجیدہ ہے۔ نئی حکومت کا وجود عمل میں آنے کے بعد تعلیم کو نئے طرف پر لے جانے کے لئے بجٹ میں 2.7% کا اضافہ کیا گیا۔ امیدیں بڑھ گئیں کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار کو زمینی صورتحال کا پوری طرح سے علم ہو چکا ہے اور وہ تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑے گی۔ جب اسمبلی میں سوال پوچھا گیا کہ تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے سرکاری اسکولوں کو انٹرنیٹ اور کمپوٹر لیب سے جوڑنے کے لئے کیا اقدامات اٹھائے گئے اور کتنے اسکولوں کو بنیادی سہولیات فراہم کی گئیں۔ تو محکمہ تعلیم کی جانب سے جو جواب دے دیا گیا اس کے مطابق جموں وکشمیر میں 18724 سرکاری اسکول ہیں اور ان اسکولوں میں 43.1% کو کمپوٹر لیب او 49.1% کو انٹرنیٹ سہولیات سے جوڑ دیا گیا۔ سرکار کی جانب سے جو اعداد وشمار سامنے رکھے گئے ان کے مطابق پچاس فیصد/ 8

## رازدان پاس پر 7 لوگ پھنس گئے

### BSF جوانوں نے صحیح سلامت نکالا

سرینگر/ جے کے این ایس/ بہادری اور ہمدردی کا ایک شاندار مظاہرہ کرتے ہوئے، بارڈر سیکورٹی فورس کے اہلکاروں نے بدھ کے روز رازدان پاس پر شدید برف باری کے دوران پھنسے 7 شہریوں کو بچایا۔ سخت موسمی حالات اور کم مرئیت کا مقابلہ کرتے ہوئے، بی ایس ایف اہلکاروں نے کامیابی کے ساتھ تمام شہریوں کو محفوظ مقام پر پہنچایا۔ بچائے گئے شہریوں کو بی ایس ایف چوکی پر پہنچانے کے بعد اُنھیں وہاں خوراک اور طبی امداد فراہم کی گئی۔

